حکم للّٰہ والملک للّٰہ

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۷ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ ربیع الثانی ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۴ فروری ۱۹۱۶ع | جلد ۲۸

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۳ فروری ۱۹۱۶ع

معاملات عدالت میں جس رقم فیس کی منظوری اپریل ۱۹۱۵ع میں جس قید کے ساتھ ہوئی ہے وہی فیس اسی پابندی کے ساتھ داخلخارج حقیت معافیات وغیرہ کے لئے منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض — بر سائد

جناب عالی

تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کی تحریک پر ناظم صاحب نے رپورٹ بھیجی ہے کہ وہ اخراج حقیت معافیات وغیرہ متعلق علاقۂ قدیم مین چار آنے کورٹ فیس اور بارہ آنے طلبانہ اینک لئے جانیکا عمل ہو۔ لیکن بعض اشخاص مسکن و موقع پر بغرض قلبندی بیانات وغیرہ جانا ہوتا ہے۔ یا تعین لئے کسی افسر کی ہوتی ہو۔ اسکے واسطے کسی فیس کا تعین نہین ہے مقدمات سرسری مین دفعہ ۲۳۳ دستور حادیہ کے موافق باستدعائے فریق مقدمہ بحالت ماموری کسی اہلکار کے ایکروپیہ یومیہ بدین تفصیل۔

الف ۔ عدالت سے دس میل کے اندر ہو تو فیس دو یوم۔

ب ۔ دس میل سے زائد ہو تو فیس تین یوم لیجائیگی جو سیاہہ بحق سرکار ہوگی۔

اور دفعہ ۲۳۹ کے موافق باستدعاء فریق مقدمہ حاکم بجنسہٖ یا غیر مجوز موقع پر جائے تو پانچروپیہ فیس لئے جائینگے ۔ چہارم حاکم تحقیقات کنندہ کو ملیگی۔ تین حصہ سیاہہ سرکار ہوگی۔

ناظم صاحب کی رائے ہے کہ اسیطرح داخلخارج مین بھی بحالت استدعائے فریق مقدمہ فیس لئے جانیکا حکم ہوجائے۔

۲۰ اپریل سنہ ۱۹۱۵ء کو بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم سے عرضداشت ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۵ء پر منظوری ہوچکی ہے کہ معاملات عدالت مین حاکم کم رتبہ والے افسر کے موقع پر جانیکی حالت مین جبکہ فریق مقدمہ کی استدعا ہو تو دو روپیہ یومیہ فیس لیجایا کرے اور ڈیڑھ روپیہ سیاہہ سرکار ہو۔ آٹھ آنے اُس افسر کو دئے جائین۔

چونکہ دفعہ ۲۳۸ کا تعلق حاکم سے ہو اسلئے نائب تحصیلدار کے متعلق اسی صورت متذکرہ کی منظوری مقدمات داخلخارج مین بھی فرمادیجائے تو مناسب ہو۔

(دستخط)

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

حسب پیشی رپورٹ بخشی فوج ۔ بر مانند اہلکار بخشیگری کا بوجہ ہوشیاری وغیرہ دو روپیہ ماہوار اضافہ یکم فروری سنہ حال سے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۷ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

بنظر مناسب ۔ حکم ہوا کہ

صاحبزادہ مبارز علیخان بہادر عرف منی صاحب بمشاہرہ یکصد روپیہ ماہوار مابدولت و اقبال کے ایڈی کانگ مقرر کئے جائین ۔ اور انکو فوج مین لفٹنٹ کا رینک دیا جائے ۔

(دستخط)

احکام ضابطہ جاری ہون ۔

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۶ فروری لغایتہ ۱۲ فروری سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶۰۱ مار	۷ مار		۶۰۱ مار	۶۰۱ مار	۶۰۱ مار	
نخود خالص	۱۰ مار	۱۰۰۱ مار		۱۰ مار	۱۰ مار	۹۰ مار	
نخود کنہ آمیز	۱۰۰۱ مار	۰		۱۰ مار	۱۰ مار	۱۰ مار	
کس	۱۰۰۱ مار	۰		۰	۱۰۰۱ مار	۰	
ماش	۷۰ مار	۸ مار		۷ مار	۸ مار	۸۰ مار	
مونگ	۷۰ مار	۸ مار		۰	۷ مار	۱۰ مار	
مکا	۱۲ مار	۱۲ مار		۱۲۰ مار	۱۲ مار	۱۲ مار	
جئی	۱۱ مار	۰		۰	۱۰ مار	۱۲ مار	
گوجئی	۰	۰		۰	۰	۰	
مسور	۸۰ مار	۰		۰	۷ مار	۰	
ارہر	۱۱ مار	۰		۵۰ مار	۷ مار	۰	
برنج	۵ مار	۰		۷۰ مار	۷ مار	۷ مار	
روغن زرد	۰ ۲ ۱ مار	۲ مار		۰ ۲ ۱ مار	۲ ۱ آنہ	۲ مار	
روغن سیاہ	۳۰ مار	۳ مار		۲ مار	۳ مار	۳ مار	
روغن کنجد	۴۰ مار	۲ مار		۱ مار	۱ مار	۴۰ مار	
نمک سانبھر	۱۰ مار	۱۳ مار		۱۰ مار	۱۰ مار	۱۲ مار	
نمک لاہوری	۰	۱۳ مار		۸ مار	۹ مار	۱۳ مار	
قند سیاہ	۰	۶ مار		۵۰ مار	۵۰ مار	۶ مار	
باجرہ	۰	۱۱ مار		۱۰ مار	۹ مار	۹۰ مار	